# سندھ ایکٹ نمبر VII مجریہ 1975

# SINDH ACT NO.VII OF 1975

# سندھ کے اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کی (تنخواہوں و ظائف اور مراعات) ایکٹ، ۱۹۷۵

# THE SINDH SPEAKER'S AND DEPUTY SPEAKER'S (SALARIES, ALLOWANCES AND PRIVILEGES) ACT, 1975

## (CONTENTS) فہرست


تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1. مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

2. تعریف

Definitions

3. دفتر آنے جانے کے لئے وظیفہ

Allowance on taking up and lying down the office

4. چارج رپورٹ

Charge Report

5. تنخواہ

Salary

6. سرکاری رہائش

Official Residence

7. آمد و رفت کی سہولت

Transport

8. خرچ کا وظیفہ

Sumptuary Allowance

9. پاکستان میں سفری وظیفہ

Travelling allowance for touring in Pakistan

10. رکنے کے دوراں روزمرہ کا وظیفہ

Daily Allowance during halt

11. کنٹرولنگ آفیسر

Controlling Officer

12. طبی سہولیات

Medical Facilities

13. تعطیل

Leave

14. عام

General

15. منسوخی

Repeal

# سندھ ایکٹ نمبر VII مجریہ 1975
# SINDH ACT NO.VII OF 1975
# سندھ کے اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کی (تنخواہوں و ظائف اور مراعات) ایکٹ، ۱۹۷۵
# THE SINDH SPEAKER'S AND DEPUTY SPEAKER'S (SALARIES, ALLOWANCES AND PRIVILEGES) ACT, 1975

[۸ اپریل ۱۹۷۵]

تمہید (Preamble)

سندھ صوبے کے اسمبلی کے اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کی تنخواہ، وظائف اور مراعات کے لئے ایکٹ؛
جیسا کہ یہ ضروری سمجھا گیا کہ آئین پاکستان کے آرٹیکل ۲۵۰ کی شق (1) کے تحت آئین کے نفاذ کے ۲ سالوں کے دوراں قواعد بنا کر جو صوبائی اسمبلی کے اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے متعلق ہوں ان کو شامل کیا جائے گا، تنخواہ، وظائف اور مراعات متعین کی جائیں گی۔
جسے اس طرح سے بنا کر نافذ کیا جائے گا۔

مختصر عنوان اور شروعات
Short Title and commencement

1. (1) اسے سندھ کے اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کی (تنخواہوں، وظائف، اور مراعات) ایکٹ، ۱۹۷۵ کہا جائے گا۔
(2) یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

تعریف
Definitions

2. اس ایکٹ میں جب تک کچھ مضمون یا مفہوم کے متضاد نہ ہو تب تک:
(a) ’’اسمبلی‘‘ سے مراد صوبائی اسمبلی سندھ؛
(b) ’’خاندان‘‘ سے مراد بیوی، ماں، باپ اور سوتیلے بچے جو ساتھ رہتے ہوں اور مکمل

طرح سے اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے زیر نگرانی ہوں، یا جیسی صورتحال ہو؛

(c) ’’حکومت‘‘ سے مراد حکومت سندھ؛

(d) ’’خرچہ‘‘ (Maintenance) گھر کے واسطے بشمول مقامی نرخوں کے مطابق بجلی اور پانی کا خرچ؛

دفتر آنے جانے کے لئے وظیفہ
Allowance on taking up and lying down the office

(e) ’’اسپیکر‘‘ سے مراد اسمبلی کا اسپیکر؛

(f) ’’ڈپٹی اسپیکر‘‘ سے مراد اسمبلی کا ڈپٹی اسپیکر؛

(g) ’’سرکاری رہائشگاہ‘‘ سے مراد وہ گھر جو وقتاً فوقتاً اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے استعمال کے لئے مخصوص ہو یا بشمول عملے کی رہائشگاہ اور دوسری عمارتوں اور باغ جو ان سے متصل ہو؛

3. وظیفہ جو دفتر آنے اور جانے کے لئے ہوں، اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر جیسی صورتحال ہو، سفر کے لئے اپنی رہائشگاہ سے دفتر اور اپنے دفتری کام کاج کے لئے اور حکومتی دفتر سے رہنی رہائشگاہ اور رہائش گاہ سے اپنے اپنے دفتر کے بعد بھی اس کا حقدار ہوگا؛

چارج رپورٹ
Charge Report

تنخواہ
Salary

سرکاری رہائش
Official Residence

(a) وہ سفری وظیفے جو اپنے اور خاندان کے لئے ہوں؛

(b) کم درجے والی ریل کا کرایہ جو دو ذاتی ملازموں سے زائد نہ ہوں؛

(c) گھریلو سامان کا کرایہ جس کا وزن ۱۲۰ من سے زائد نہ ہو۔ اسپیکر ہونے کی صورت میں اور ۸۰ من، ڈپٹی اسپیکر ہونے کی صورت جو سامان، ریل، کشتی یا کوئی دوسری سہولت (ہوائی جہاز کے علاوہ) اور ذاتی گاڑی میں لایا جائے؛

مزید براں یہ سفر عہدہ ملنے یا چھوڑنے کے چھ ماہ کے دوراں کیا گیا ہو۔

آمد و رفت کی سہولت
Transport

خرچ کا وظیفہ
Sumptuary

4. اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر، پر یہ لازم نہیں ہوگا کہ وہ

Allowance

پاکستان میں سفری وظیفہ

Travelling allowance for touring in Pakistan

ؤ

اپنے دفتر آمد اور روانگی کے وقت چارج کی رپورٹ پر دستخط کرے۔

5. اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر کی ماہانہ تنخواہ ۳ ہزار روپے اور ۲ ہزار روپے کی ترتیب سے ہوگی۔

6. (1) اسپیکر کی رہائش کے سامان پر حکومتی خرچ جو پندرہ ہزار سے زائد نہیں ہوگا اور ڈپٹی اسپیکر کے لئے سامان کے لئے دس ہزار روپے مختص کئے جائیں گے۔

وضاحت: سرکاری رہائش کے سامان میں قالین، ایک ریفریجریٹر اور دو کمروں کے ایئر کنڈیشن شامل ہونگے۔

(2) اسپیکر یا ڈپٹئی اسپیکر جیسی صورتحال ہو، جب تک انہیں حکومت کی طرف سے سرکاری رہائش گاہ مہیا نہیں کی جاتی، تو ایسی رہائش کے سامان کے لئے ایک ہزار ماہانہ دیا جائے گا۔

7. اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر ایک گاڑی کا حقدار ہوگا، جس کی دیکھ بھال کا خرچ حکومت کے ذمے ہوگا۔

8. (1) اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر کے عہدے کے لحاظ سے ان کا وظیفہ پانچ سو اور تین سو روپے ماہانہ ہوگا۔

9. (1) بحرحال کوئی شق ہو یا استعمال میں آئے اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر جو بھی سرکاری فرائض کی انجام دہی میں سفر کے دوراں حکومت کا پہلے گریڈ والا ملازم تصور کیا جائے گا۔

(2) ہوائی جہاز کا سفر: اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر ہو، تو سرکاری کام کے دوراں ہوائی جہاز کے سفر میں اسے مہیا کیا جائے گا:

(a) اکانومی کلاس کی ایک ٹکٹ کا کرایہ دیا جائے گا؛

(b) ذاتی سامان کے اٹھانے کے لئے ایک سو پائونڈ کے وزن کا خرچ دیا جائے گا۔ اس میں ہوائی کمپنی کی طرف سے مفت وظیفہ شامل ہوگا؛

(c) ریل یا کشتی کے ذریعے زائد ذاتی سامان کے اٹھانے کے لئے تین من کا خرچ؛

(d) اصل بیمے کی رقم جو اس نے اپنی انشورنس کے لئے ہوائی سفر والوں کو ادا کی جو ایک لاکھ روپے سے زائد نہیں ہوگی؛

نوٹ i: اسپیکر کے لئے مذکورہ بالا بیان کے علاوہ زیادہ سے زیادہ دو ذاتی ملازموں کے ریل گاری کے نچلے درجے کے خرچ کا حقدار ہوگا۔

نوٹ ii: جب تک ممکن ہو سکے، اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر، دونوں میں سے جو بھی ہو، واپسی کی ٹکٹ خریدے گا۔

(3) ریل گاڑی کا سفر: اسپیکر اپنے فرائض کی ادائگی کے لئے ریل گاڑی کے سفر کے دوراں ان سہولیات کا حقدار ہوگا۔

(a) سرکاری نرخ کی طلبی (Requisition): -

(i) جب مرکزی لائن پر سفر ہو تو عام طور پر پہلے اے کلاس کی بوگی یا بی کلاس کی سفری گاڑی۔

(ii) اگر مرکزی لائن کے علاوہ، 8 پیسوں والی (پہلے درجے) کی سفرکار ہو۔

(iii) اگر ذیلی شق (i) اور (ii) میں بیان کی گئی گاڑیاں

ہوں یا نہ ناپسند ہوں، تو پھر چار عام نشستوں والی فرسٹ کلاس بوگی میں یا دو نشستوں والی پہلے درجے کی ایئرکنڈیشن بوگی۔

(b) اپنی شریک حیات کو مخصوص نشست پر بنا کسی کرائے کی ادائیگی کے لے کر جا سکتا ہے؛

(c) ذاتی ملازموں کو نچلے درجے کی گاڑی میں جو دو سے زیادہ نہیں ہونگے

(d) ذاتی سامان کی بار برداری کا خرچ، مفت وظیفے کی حد جتنا اور گاڑی میں جگہ کے مطابق؛

(4) ڈپٹی اسپیکر فرائض منصبی کی ادائیگی کے دوران ریل گاڑی میں سفر کرنے کے دوران ان اشیاء کا حقدار ہوگا:

رکنے کے دوران روزمرہ کا وظیفہ
Daily Allowance during halt

(a) سرکاری نرخ پر طلبی–

(i) جب مرکزی لائن پر سفر ہو تو عام پہلے درجے کی دو نشستوں والی بوگی؛

(ii) اگر ایئر کنڈیشن بوگی مہیا ہوں تو پہلے درجے والی نشست؛

کنٹرولنگ آفیسر
Controlling Officer

(b) ایک ذاتی ملازم کو نچلے درجے میں سفر کراسکتا ہے؛

طبی سہولیات
Medical Facilities

(c) ذاتی سامان کی با برداری کا خرچ جو عام و وظیفے کی حد والی نشست کے برابر ہوگا؛

نوٹ:اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر جو بھی ہو ریلوے میں

تعطیل
Leave

عام
General

منسوخی
Repeal

مخصوص نشست پر سفر شروع کرنے سے پہلے اور اس پر نمبر اور دوسری جو خرید کئے گئے ٹکٹوں اور ان پر سفر کرنے والوں کی تفصیل درج ہوں گی، ان کی داخلہ اسٹیشن ماسٹر جہاں سے سفر کا آغاز ہوگا اس اسٹیشن پر طلبی فارم درج کروائے گا۔

(5)اسٹیمر یا کشتی کے ذریعے سفر: اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر جو بھی ہو اپنے فرائض منصبی ادا کرنے کے دوراں اسٹمبر یا کشتی پر سفر کرنے کا حقدار ہوگا کہ:

(a) اپنا اصل کرایہ وصول کرے گا جو اس کی طرف سے ادا کیا جائے گا؛

(b) ملازموں کو نچلے درجے میں لے کر جا سکتا ہے پر ان کی تعداد دو سے زائد نہیں ہوگی؛

(c) تین من جتنا اپنا سامان اٹھا سکتا ہے؛

(6) سفر بذریعہ روڈ: اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر جو بھی ہو، اگر ڈیوٹی کے دوراں راستوں پر سفر کرتا ہے، جو ریلوے سے ملحق نہ ہو، یا ملحق ہو پر ریلوے والا دستہ استعمال میں نہیں لاتا اور وہ گاڑی استعمال میں لاتا ہے جو سرکاری نہیں تو پھر وہ ان کا حقدار ہوگا:

(a) سفری وظیفہ ۷۶ پیسے فی میل اپنے لئے اور؛

(b) اصل خرچ سفر کے لئے؛

(i) ۲ ذاتی ملازم اور؛

(ii) تمام سامان بشمول وہ اشیاء جو سفر کے دوراں

استعمال میں ہوگی ۔

10. (1) اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر فرائض منصبی میں سفر کے دوراں بالترتیب ایک روپے اور پچھتر روپے روزانہ وظیفہ لیں گے، مزید یہ کہ منزل پر پہنچے والے دن اور روانہ ہونے والے دن کے لئے نصف دن کا "ڈیلی الائونس "مقرر کیا جائے گا۔

2. اگر وہاں دس دن سے زائد دنوں کا قیام ہوتا ہے تو پہلے دس دنوں کے لئے فل ریٹ الائونس چار میں سے تین فی صد الائونس ہوگا۔

11. اس ایکٹ کے مطابق ملنے والا سفری الائونس کے مقصد کے لئے اسپیکر کنٹرولنگ اتھارٹی ہوگا۔

12. اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر، اسپیشل میڈیکل اٹینڈنٹ رولز، ۱۹۵۰ کے مطابق سہولتوں کا حقدار ہوگا۔ بشرطیکہ وہ اور اس خاندان اپنے گھر میں میڈیکل اٹینڈنٹ کے حقدار ہوں۔

13. گورنر، ایک دفعہ یا وقتاً فوقتاً صحت ذاتی کام کاج کی بنیاد پر اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر کو چھٹی یا کام سے غیر حاضر رہنے کی چھٹی دے سکتا ہے، جو عہدے والی مدت کے دوراں تین ماہ سے زائد نہیں ہوگی۔

14. (1) سرکاری رہائش، ٹرانسپورٹ اور فرنیچر جو اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر کو مہیا کیا گیا ہو، جیسا بھی ہو اسے اسی طرح دھیان سے استعمال میں لایا جائے گا

جیسے وہ اس کی ذاتی جائیداد ہو۔

(2) تمام فرنیچر ار آسائش کا سامان جو سرکاری رہائشگاہ پر اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر کو دینے کے وقت جس حالت میں ہو اس پر پہچان کے نشان لگائیں جائیں گے۔

(3) سرکاری رہائشگاہ میں اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر رہائش اختیار کرتے وقت فرنیچر یا آسائش کا سامان یا دوسرا سامان ان کے حوالے کیا جائے گا اور یا ایسے شخص کو جس کو تحریری اجازت نامہ دیا گیا ہو، وہ اس کےمتعلق فہرست بنائے گا اور اس پر اس افسر کے دستخط ہوں گے جو اس علائقے کی سرکاری رہائش گاہوں کا نگبہان ہوگا۔

(4) جب اسپیکر یا اسپیکر، سرکاری رہائشگاہ خالی کرے گا تو اس علائقے کی سرکاری عمارتوں کے نگران افسر کو اطلاع کرے گا اور فرنیچر اور آسائش کے سامان کو اس افسر کی بنائی ہوئی فہرست کے مطابق اس پر اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر کے دستخط ہوں گے ان کے حوالے کرنے کا انتظام کرے گا۔

(5) وہ افسر جو سرکاری عمارتوں کا نگران ہوگا، وقتاً فوقتاً اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر کی پیشگی اجازت سے، سرکاری رہائشگاہ، فرنیچر اور آسائش کے سامان کا معائنہ کرے گا۔

15.سندھ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر (تنخواہ، وظائف اور مراعات) ایکٹ، ۱۹۷۲ اور اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر (تنخواہ، وظائف اومراعات) (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۷۴ کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

**نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**